# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## ڈپارٹمنٹ آف ٹورزم، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھارتیہ شکشا بورڈ کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کیا

New Delhi, November 25, 2025

ڈپارٹمنٹ آف ٹورزم، جامعہ ملیہ اسلامیہ (ڈی ٹی ایچ ایم) نے بھارتیہ شکشا بورڈ کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے۔قومی تعلیمی پالیسی دوہزار بیس اور این سی ایف دوہزار تئیس سے کام طور پر ہم آہنگ رہتے ہوئے ہنر اساس تعلیم کو مربوط کرنے کی ضرورت کے پیش نظر جامعہ ملیہ اسلامیہ اور بی ایس بی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام اسکول کی سطح اور کردار اساس سیاحت کی مہارت سے متعلق کورسیز تیار کرنے اور انجام دینے کے سلسلے میں اشتراک کریں گے۔اس موقع پر جامعہ اور بی ایس بی کے درمیان دوسرے فیکلٹیز میں اشتراک کرنے پر تبادلہ خیال ہوا۔ بھارتیہ شکشا بورڈ (بی ایس بی) (جس کی تشکیل دوہزار بائیس میں ہوئی تھی) مالی اور انتظامی لحاظ سے ایک آزاد اسکول ایجوکیشن بورڈ ہے جسے سرکار نے ڈپارٹمنٹ آف ہائر ایجوکیشن،اس وقت کی وزارت برائے انسانی وسائل (اب وزارت تعلیم) کے تحت مہارشی سندیپنی راشٹریہ ویداودیا پرتستھان (ایم ایس آر وی پی) اجین کے خودمختار ادارے کے ذریعے قائم کیا ہے۔

اشتراک کے دائرہ کار میں مندرجہ ذیل امور شامل ہیں:

کریکولم ڈولپمنٹ ان ڈیزائنگ ٹورزم اسکل بیسڈ کورسیز جیسے 'ہوم اسٹیز مینجمنٹ' اینڈ 'ایگریکلچر ٹورزم'

ٹریننگ اینڈ سرٹیفیکیشن

امپلی مینٹیشن اینڈ اسیسمنٹ

کیپیسی ٹی بلڈنگ

ریکاگنیشن آف پرایر لرننگ (آر پی ایل)

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور جناب راجیش پرتاپ سنگھ سیکریٹری، بی ایس بی نے، ڈاکٹر ندھی گوسائیں، ایجوکیشن آفیسر، بی ایس بی، پروفیسر تنوجا، ڈین، اکیڈمک افیئرز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر پنکج کمار گپتا، فیکلٹی آف مینجمنٹ اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر سارہ حسین، صدر شعبہ ڈپارٹمنٹ آف ٹورزم، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودگی میں اس مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی کی اہم حصولیابیوں کا اس موقع پر ذکر کیا۔انیس سو بیس میں قائم شدہ جامعہ ملیہ اسلامیہ ایک جامع تحقیقی سینٹرل (پبلک) یونیورسٹی ہے۔جامعہ کو ملک کی یونیورسٹیوں میں چوتھا مقام حاصل ہے اور جامعہ ملیہ اسلامیہ وزارت تعلیم کی جاری کردہ این آئی آر ایف رینکنگ میں پائے ترقی اہداف (ایس ڈی جیز) کے زمرے میں ملک میں تیسرے

مقام پر ہے۔ اسے وزارت تعلیم کی ناک کی جانب سے دو ہزار ا کیس کے دوسرے سائیکل میں اے پلس پلس کا سب سے بلند گریڈ ملا ہے۔ یونیورسٹی کو بین الاقوامی رینکنگ ایجنسیوں کی طرف سے بھی لگا تار دنیا کی سرکردہ یونیورسٹیوں میں بطور جامع تحقیقی ادارہ کی قابل قدر شناخت ملی ہے۔ نیز پروفیسر مہتاب عالم رضوی نے کہا کہ اس اشتراک سے مہارتوں کی نشو ونما بہتر ہوگی اور ملک کی ترقی ونشو ونما کے لیے بھی زیادہ راستے کھلے گیں۔ اور یہ سب کچھ عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف کی بصیرت افروز اور فعال وسرگرم قیادت کی وجہ سے ممکن ہوسکا ہے جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کو تعلیم کے عالمی منظر نامے میں نئی بلندیوں پر لے جانے کے خواہاں ہیں۔

جناب راجیش پرتاپ سنگھ، سیکریٹری، بی ایس بی نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ اشتراک پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے دیہی علاقوں کے طلبہ کو بازار سے متعلق مہارتوں میں خاص طور پر ہوم اسٹے مینجمنٹ کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا ہوگا اور ٹورزم میں تا عمر سیکھنے اور کیریئر میں ترقی کے امکانات کے نئے دروازے کھلے گیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ